# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

| Version No. | 3 | 5 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) بی اے کرنے کے بعد چندر پرکاش کو ایک ________ کرنے کے سوا کچھ نہ سوجھا۔
A ٹیوشن B نوکری C مزدوری D دوکان

2) پرکاش کی بیوی کا نام تھا:
A چمپا B سائرہ C حاجرہ D ثریا

3) ایک چڑیا چڑے نے نئی روشنی کی اونچی کوٹھی میں اپنا ________ بنایا تھا۔
A گھر B اصطبل C دڑبہ D گھونسلہ

4) منظور کو اپنے وارڈ کے ہر مریض سے ________ تھی۔
A دلچسپی B ہمدردی C محبت D نفرت

5) دو تین دن گزرنے کے بعد جب اختر کو معلوم ہوا کہ منظور کا نچلا دھڑ مفلوج ہے تو اسے ________ صدمہ پہنچا۔
A سخت B بہت C کم D تھوڑا

6) اختر اور منظور کی ________ بہت بڑھ گئی تھی۔
A دوستی B دشمنی C نفرت D محبت

7) یورپ کے تمام محقق اس بات پر متفق ہیں کہ تاریخ میں ________ کیمیادان جس پر یہ نام صادق آتا ہے جابر بن حیان ہے۔
A دوسرا B پہلا C تیسرا D چوتھا

8) کیمیا میں سب سے ضروری شے ________ ہے۔
A تجربہ B نظریہ C بات D حساب کتاب

9) اسلام میں شراب اور تمام نشہ آور اشیاء کے استعمال کو ________ قرار دیا گیا ہے۔
A جائز B اچھا C حرام D صحیح

10) راجا صاحب اور خواجہ صاحب کے ________ متصل تھے۔
A گھر B محلے C کمرے D گلیاں

11) دونوں بیگمات کا جھگڑا ________ شروع ہوتا تھا اور اسی طرح بے وجہ ختم بھی ہو جاتا تھا۔
A بے تکان B بے بات C بے وجہ D روزانہ

12) مولانا گرامی آپ کہاں ہیں ________ یا عدم آباد میں۔
A حیدر آباد B فیصل آباد C فیض آباد D الٰہ آباد

13) غزل کے پہلے شعر کو جس کے دونوں مصرع ہم قافیہ ہوں اسے ________ کہتے ہیں۔
A نظم B مقطع C مطلع D تلمیح

14) ایک شخص کا اپنی مدد آپ کرنے کا جوش اس کی سچی ________ کی بنیاد ہے۔
A ترقی B تنزلی C گمراہی D ناکامی

15) لغت میں مطلقاً بات چیت کرنے کو کہتے ہیں:
A محاورہ B روزمرہ C جملہ D تمثیل

16) خدا کی قدرت ایک دن ایک انڈا ________ کر گر پڑا اور ٹوٹ گیا۔
A نکل B پھسل C چل D اُچھل

17) خلاصہ نویسی یا تلخیص کو ________ میں سمری کہتے ہیں۔
A انگریزی B اردو C فارسی D ترکی

18) ہماری روزمرہ زندگی میں خلاصہ نویسی یا تلخیص کو بڑی ________ حاصل ہے۔
A افادیت B محبت C ضرورت D اہمیت

19) دھاتوں سے متعلق جابر کا نظریہ یہ تھا کہ تمام دھاتیں ________ اور پارے سے بنی ہیں۔
A لکڑی B نمک C چونا D گندھک

20) وہ گھبرا کر پلنگ اور ________ میں خوف زدہ بچے کی طرح بیٹھ گئیں۔
A کمبل B چادر C رُلائی D لحاف

---

# اُردو(لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

122

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات تحریر کیجیے: (12 x 4 = 48)

(i) پرکاش کی نیت کس بات پر خراب ہوئی؟

(ii) انڈا ٹوٹ جانے پر چڑیا نے اپنا دفاع کس طرح کیا؟

(iii) منظور نے اختر سے کس طرح دوستی کر لی؟

(iv) اختر نے مرض پر کس طرح قابو پایا؟

(v) تجربے کی کیا اہمیت ہے؟

(vi) شراب کس طرح ام الخبائث ہے؟

(vii) منشیات سے بچنے کے لیے کیا اقدامات ضروری ہیں؟

(viii) کون سا جذبہ دونوں بیگمات میں صلح کا ذریعہ بن گیا؟

(ix) بیگم راجہ اور بیگم خواجہ کا جھگڑا کس وجہ سے شروع ہوتا تھا؟

(x) علامہ اقبال نے خط کی ابتدا کس طرح کی؟

(xi) تشبیہ پر نوٹ لکھیے؟

(xii) تلخیص کی اہمیت واضح کریں۔

(xiii) اللہ کا ذکر کرنے سے کیا حاصل ہوتا ہے؟

(xiv) شتربان میں 'بان' اور جہانگیر میں 'گیر' آپ ان لاحقوں سے دو دو الفاظ بنائیے۔

(xv) دوئی سے کیا مراد ہے؟

(xvi) مالکن کراچی کیوں نہیں جانا چاہتی تھی؟

## حصّہ سوم (کُل نمبر 32)

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1 +1 + 4 = 6)

الف۔ اس کی عمر بتیس کے قریب تھی ان برسوں میں اس نے کوئی راحت نہ دیکھی تھی۔ جو اس وقت اسے یاد آتی اور اس کی صعوبت میں اضافہ کرتی۔ اس کے ماں باپ بچپن میں ہی اس کو داغ مفارقت دے گئے تھے۔ معلوم نہیں اس کی تربیت کس خاص شخص نے کی تھی۔

ب۔ دھوپ نکل آئی تھی پرکاش ابھی سو رہا تھا کہ چمپا نے اسے جگا کر کہا "بڑا غضب ہو گیا رات کو ٹھاکر صاحب کے گھر میں چوری ہو گئی جو زیوروں کا ڈبہ اُٹھا کر لے گئے۔ جس میں شادی کے زیور رکھے تھے۔ نہ جانے کیسے چابی اُڑا لی اور کیسے انہیں معلوم ہوا کہ اس صندوق میں ڈبہ رکھا ہے۔ تم جا کر انہیں تسلی دو ٹھکرائین بیچاری رو رہی تھی پرکاش جھٹ پٹ اُٹھا اور گھبرایا ہوا سا جا کر ٹھکرائیں سے بولا یہ تو بڑا غضب ہوا ماتا جی! مجھے تو ابھی ابھی چمپا نے بتلایا۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے: (1 + 1 + 5 = 7)

الف۔ خالق بھی کارساز بھی پروردگار بھی
وہ جس کی ذات پردہ کشا پردہ دار بھی

ب۔ دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تمھی تو ہو
ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دنیا تمھی تو ہو

سوال نمبر۵: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے: (2 + 2 = 4)

(i) دو کے معنی لکھیے: مٹی میں ملنا ، آنسو پوچھنا ، گزرا وقت

(ii) واحد لکھیے: افراد ، وسائل

(iii) روزمرہ اور محاورے میں کیا فرق ہے؟ مختصراً لکھیں۔

سوال نمبر۶: کسی ایک عنوان پر کہانی لکھیں: (5)

الف۔ لالچ بری بلا ہے ب۔ پیاسا کوا

سوال نمبر۷: چچا کے نام تحفے کے شکریہ کا خط لکھیں۔ (5)

سوال نمبر۸: پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیں۔ (5)